**اکثر وبیشتر کیے جانے والے سوالات / بعد از انضمام**

## سلک بینک کے یو بی ایل کے ساتھ اور اس میں ضم ہونے کے حوالے سے عام معلومات

- **سلک بینک کا یو بی ایل کے ساتھ اور اس میں ضم ہونا، کسٹمرز کے لیے کس طرح سے اہم ہے؟**

انضمام کا یہ عمل سلک بینک کی کارروائیوں کو یو بی ایل کے ساتھ ہم آہنگ کرتا ہے، اور سلک بینک کے کسٹمرز کو یو بی ایل کے مقامی اور بین الاقوامی وسیع نیٹ ورک، بہتر اور بڑی رینج پر پروڈکٹ آفرز اور بہترین سروسز کی تک رسائی فراہم کرتا ہے۔

- **سلک بینک کے کسٹمرز اس سے کس طرح متاثر ہوں گے؟**

آپ کے اکاؤنٹ یا سروسز میں فوری طور پر کسی بھی قسم کی تبدیلیاں نہیں کی جائیں گی۔ بتدریج یو بی ایل کی اضافی پروڈکٹس اور فیچرز تک رسائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ آپ معمول کے مطابق بینکنگ جاری رکھ سکتے ہیں۔

- **اپنے اکاؤنٹ کو یو بی ایل میں منتقل کرنے کے لیے کیا مجھے کوئی کارروائی کرنے کی ضرورت ہے؟**

فی الحال اس وقت کسی بھی قسم کے فوری اقدام کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کا اکاؤنٹ بغیر کسی رکاوٹ کے یو بی ایل میں منتقل کر دیا جائے گا۔ کسی بھی قسم کی ضروری اَپ ڈیٹس سے متعلق یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **کیا میری بینک برانچ تبدیل ہوگی؟**

سلک بینک برانچز کو یو بی ایل برانچز کا نام دیا گیا ہے مگر ان کی لوکیشنز پہلے کی طرح یکساں رہیں گی۔ آپ تمام سروسز اپنی موجودہ برانچ سے ہی وصول کریں گے۔

- **یو بی ایل میرے فنڈز اور ذاتی معلومات کی حفاظت کو کس طرح یقینی بنائے گا؟**

مضبوط حفاظتی اقدامات، اِنکرپشن، اور قابل اطلاق ڈیٹا کے قوانین کی تعمیل کے ذریعے یو بی ایل آپ کے فنڈز اور ذاتی معلومات کو محفوظ رکھنے کی ضمانت دیتا ہے۔

- **انضمام کے بعد کیا سروس کا معیار یا کسٹمر سپورٹ تبدیل ہو جائے گی؟**

کسٹمرز کے انضمام میں وقت بوقت پیش کی جانے والی بہتری کے ساتھ سروس کا معیار یکساں رہے گا۔

- **منتقلی کے اس عمل کے دوران مجھے معلومات یا معاونت کے لیے کس سے رابطہ کرنا چاہیے؟**

جب تک انضمام کا یہ عمل مکمل نہیں ہو جاتا تب تک ہر قسم کی معاونت کے لیے سلک بینک کی ہیلپ لائن 111-100-777 دستیاب رہے گی یا پھر کسی بھی قسم کے سوالات یا پیش آنے والی پریشانی کے لیے اپنی قریبی برانچ تشریف لے جاسکتے ہیں۔

## اکاؤنٹس، پروڈکٹس اور بینکنگ سروسز

- **میرے سلک بینک اکاؤنٹ اور جوائنٹ اکاؤنٹس کے ساتھ کیا ہوگا؟**

آپ کے اکاؤنٹس، بشمول جوائنٹ اکاؤنٹس اگلے چند ماہ میں بغیر کسی رُکاوٹ یا چارجز کے یو بی ایل میں منتقل کر دیے جائیں گے۔ کسی بھی قسم کی مطلوبہ اَپ ڈیٹس سے متعلق یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **کیا مجھے اپنے اکاؤنٹ کی تفصیلات کو اَپ ڈیٹس کرنے کی ضرورت ہے؟**

جب تک آپ خود اپنی ذاتی معلومات میں تبدیلی کرنا نہ چاہیں، تب تک کسی بھی قسم کی اَپ ڈیٹس کی ضرورت نہیں ہے۔

- **کیا میرے موجودہ چیک بُک، ڈیبٹ کارڈ یا کریڈٹ کارڈ اب بھی پہلے کی طرح فعال رہیں گے؟**

جی ہاں، سلک بینک کی جانب سے جاری کردہ آپ کے تمام دستاویزات فی الحال فعال رہیں گے۔ کسی بھی قسم کی مطلوبہ اَپ ڈیٹس سے متعلق یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **کیا میں اب بھی اپنے موجودہ سلک بینک کارڈ سے منسلک پیش کردہ ڈسکاؤنٹس اور آفرز سے مستفید ہو سکوں گا؟**

جی ہاں، آپ اپنے سلک بینک کارڈ سے منسلک ڈسکاؤنٹس اور آفرز سے فی الحال مستفید ہو سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی مطلوبہ اَپ ڈیٹس یا تبدیلیوں سے متعلق آپ کو یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **میرے کار / ہوم / پرسنل لونز یا کریڈٹ کارڈز کا کیا ہوگا؟**

آپ کے موجودہ لونز اور کریڈٹ کارڈ گزشتہ ضوابط پر فعال رہیں گے جب تک دیگر صورت میں متعلقہ اطلاع فراہم نہ کر دی جائے۔ ادائیگی کے طریقۂ کار اور ضوابط کو اَپ ڈیٹ کیا جا سکتا ہے، مگر آپ کو وقت سے پہلے اس سے متعلق یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے مطلع کر دیا جائے گا۔

- **کیا میرے اکاؤنٹس کے چارجز میں تبدیلی ہوگی؟**

فی الحال، آپ کے اکاؤنٹس پر چارجز سلک بینک کی جانب سے آخری بار جاری کردہ شیڈول آف چارجز کے مطابق یکساں ہی رہیں گے۔ اگر ان میں کسی بھی قسم کی اضافی تبدیلی ہوتی ہے تو وہ یو بی ایل کے شیڈول آف چارجز کے مطابق ہوگی۔ تاہم، انتظامیہ کی صوابدید پر چُھوٹ (waivers) دی جا سکتی ہے۔

- **میرے موجودہ اکاؤنٹس کی شرح سود کا اعلان کہاں کیا جائے گا؟**

آپ کے موجودہ اکاؤنٹس کے منافع کی شرح کا اعلان ہر ماہ یو بی ایل کی پروجیکٹڈ ریٹ شیٹ کے ذریعے کیا جائے گا۔

- **کیا موجودہ سلک بینک پروڈکٹ کی شرائط یا فیچرز میں تبدیلیاں ہوں گی؟**

فی الحال آپ کے موجودہ سلک بینک پروڈکٹ کی شرائط یا فیچرز میں فوری طور پر کسی قسم کی تبدیلیاں نہیں کی گئی ہیں۔ کسی بھی قسم کی تبدیلیوں یا اَپ ڈیٹس سے متعلق یو بی ایل آپ کو اپنے یو بی ایل آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کرے گا۔

- **کیا یو بی ایل کے اے ٹی ایمز سے رقم نکلوانے پر مجھے بطور سابق سلک بینک کسٹمر کوئی چارجز لاگو ہوں گے؟**

نہیں، آپ کسی بھی یو بی ایل کے اے ٹی ایمز سے بغیر کسی اضافی چارجز کے رقم نکلوا سکتے ہیں۔

- **یو بی ایل اے ٹی ایمز استعمال کرنے والے سلک بینک کسٹمرز کے لیے رقم نکلوانے کی حد کیا ہے؟**

آپ کے لیے رقم نکلوانے کی حد پہلے کی طرح ہی رہے گی جب تک دوسری صورت میں آپ کو مطلع نہ کر دیا جائے۔

- **بطور سلک بینک کسٹمر، میں اپنے سلک بینک کریڈٹ کارڈ کے لیے ادائیگیاں کس طرح سے کر سکتا ہوں؟**

آپ پہلے کی طرح سلک بینک کریڈٹ کارڈ استعمال کرتے ہوئے ادائیگی کے پرانے طریقۂ کار اور ٹچ پوائنٹس کے ذریعے ادائیگیوں کا عمل جاری رکھ سکتے ہیں۔

- **اگر میرا سلک بینک کارڈ کھو جاتا ہے یا چوری ہو جاتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

اپنے سلک بینک کارڈ کے کھو جانے یا چوری ہو جانے کی صورت میں براہِ مہربانی ہمارے ہیلپ لائن نمبر 021-111-100-777 پر رابطہ کر کے رپورٹ اور متبادل کارڈ کی درخواست کریں۔

## ڈیجیٹل بینکنگ پلیٹ فارمز اور ای ڈیلیوری چینلز

- **کیا میں سلک بینک کی آن لائن بینکنگ اور موبائل ایپ کا استعمال جاری رکھ سکتا ہوں؟**

جی ہاں، جب تک آپ کے اکاؤنٹس یو بی ایل کے سسٹمز میں منتقل نہیں ہو جاتے تب تک آپ سلک بینک کے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو استعمال کر سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی ضروری اَپ ڈیٹس یا تبدیلیوں سے متعلق آپ کو یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **میں یو بی ایل کے ڈیجیٹل بینکنگ پلیٹ فارمز کا استعمال کس طرح کر سکتا ہوں؟**

یو بی ایل نوٹیفکیشن ملنے پر، آپ گوگل پلے اسٹور یا ایپل ایپ اسٹور سے یو بی ایل ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ یو بی ایل کی جانب سے لاگ اِن یا ٹرانزیکشنگ سے متعلق ہدایات یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر فراہم کر دی جائیں گی۔

**اسلامک بینکنگ-ایمان سے یو بی ایل امین میں منتقلی**

- **سلک بینک ایمان اسلامک کے کسٹمرز اس سے کس طرح متاثر ہوں گے؟**
آپ کے اکاؤنٹ یا سروسز میں فوری طور پر کسی بھی قسم کی تبدیلیاں نہیں کی جائیں گی۔ بتدریج یو بی ایل کی اضافی پروڈکٹس اور فیچرز تک رسائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ آپ معمول کے مطابق بینکنگ جاری رکھ سکتے ہیں۔

- **کیا میری ایمان بینک برانچ تبدیل ہوگی؟**
سلک بینک ایمان اسلامک برانچز کو یو بی ایل امین برانچز کا نام دیا گیا ہے مگر ان کی لوکیشنز پہلے کی طرح یکساں رہیں گی۔ آپ تمام سروسز اپنی موجودہ برانچ سے ہی وصول کریں گے۔

- **میرے سلک بینک ایمان اسلامک بینکنگ اکاؤنٹ کے ساتھ کیا ہوگا؟**
آپ کا سلک بینک ایمان اکاؤنٹ بغیر کسی رُکاوٹ کے یو بی ایل کی مخصوص اسلامک بینکنگ برانڈ یو بی ایل امین میں منتقل کردیا جائے گا۔ یہ یقین دہانی رہے کہ تمام سروسز اور شرعی اُصولوں پر عمل بغیر کسی رُکاوٹ کے جاری رکھا جائے گا۔ کسی بھی قسم کی ضروری اَپ ڈیٹس سے متعلق یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **میرے اکاؤنٹس کے چارجز اور/یا فیس میں تبدیلی ہوگی؟**
فیس یا چارجز میں ہونے والی کوئی بھی تبدیلی سے متعلق اطلاع یو بی ایل امین کے شیڈول آف چارجز کے متعلقہ نوٹس کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔

- **کیا میرے موجودہ چیک بک، ڈیبٹ کارڈ یا کریڈٹ کارڈ اب بھی پہلے کی طرح فعال رہیں گے؟**
جی ہاں، سلک بینک کی جانب سے جاری کردہ آپ کے تمام دستاویزات فی الحال فعال رہیں گے۔ کسی بھی قسم کی مطلوبہ اَپ ڈیٹس سے متعلق یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی طور پر مطلع کیا جائے گا۔

- **کیا سلک بینک ایمان کی جانب سے پیش کردہ پروڈکٹس اور سروسز یو بی ایل امین میں بعد از منتقلی یکساں رہیں گی؟**

یو بی ایل امین آپ کو شریعت کے مطابق پروڈکٹس اور سروسز کی ایک وسیع رینج فراہم کرے گا۔ اگرچہ بہت سی موجودہ فیچرز میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی، تاہم آپ یو بی ایل امین کے تحت اضافی آفرز سے، جنھیں وقت کے ساتھ ساتھ فراہم کیا جائے گا، مستفید ہو سکیں گے۔ مزید تفصیلات وقتاً فوقتاً آپ کے ساتھ یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے فراہم کی جاتی رہیں گی۔

- **کیا موجودہ سلک بینک ایمان اسلامک پروڈکٹ کی شرائط یا فیچرز میں تبدیلیاں کی جائیں گی؟**

یو بی ایل امین پروڈکٹ کی شرائط یا فیچرز سے متعلق کسی بھی قسم کی اَپ ڈیٹس یا تبدیلیوں سے متعلق، جو جب اور جیسے نفاذ کے لیے تیار ہوں گے، آپ کو یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی مطلع کرے گا۔

- **کیا میں اپنے ریمیٹنس وصول کرنے کے لیے اب سلک بینک اسلامک برانچز کے بجائے یو بی ایل امین برانچز استعمال کر سکتا ہوں؟**

جی ہاں، آپ ملک بھر میں موجود کسی بھی یو بی ایل امین برانچ سے اپنے ریمیٹنس وصول کر سکتے ہیں، آپ کی سہولت کے لیے ایک وسیع نیٹ ورک تک رسائی کو ممکن بنایا گیا ہے۔

- **کیا میں یو بی ایل امین پروڈکٹس اور سروسز کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟**

جی ہاں، بطور سابق سلک بینک / ایمان اسلامک کسٹمر ہونے کے، آپ یو بی ایل امین کی پروڈکٹس اور سروسز کی مکمل رینج بشمول سیونگ اکاؤنٹس، فنانسنگ، اور سرمایہ کاری کے مواقع تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید راہنمائی کے کے براہِ مہربانی کسی بھی یو بی ایل برانچ پر تشریف لائیں یا 111-825-888 پر رابطہ کریں۔

## برانچ آپریشنز اور سروسز

- **کیا میں اب بھی اپنی سلک بینک برانچ جا سکتا ہوں؟**

جی ہاں، یو بی ایل برانچز کے نام کے ساتھ، ان لوکیشنز سے بغیر کسی تعطل کے سروسز فراہم کی جاتی رہے گی۔

- **کیا برانچ کے اوقاتِ کار میں تبدیلی ہوگی؟**
- فی الحال برانچ کے اوقاتِ کار پہلے کے مطابق ہی ہوں گے۔ اگر کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو کسٹمرز کو پیشگی اطلاع فراہم کر دی جائے گی۔

- **کیا میرا IBAN یا اکاؤنٹ نمبر تبدیل ہوگا؟***

آپ کے IBAN یا اکاؤنٹ نمبر میں فوری طور پر کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی قسم کی مزید اَپ ڈیٹس سے متعلق آپ کو یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے پیشگی مطلع کر دیا جائے گا۔

- **اگر میں سابقہ سلک بینک برانچ میں بطور یو بی ایل کسٹمر، سروسز تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام ہوجاتا ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

اگر آپ سابقہ سلک بینک برانچ میں سروسز تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام ہوجاتے ہیں تو ہمارا مشورہ ہے کہ آپ کو معاونت کے لیے قریبی یو بی ایل جانا چاہیے۔
مزید معاونت کے لیے آپ ہمارے کسٹمر کیئر نمبر 111-825-888 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

**تفصیلات برائے منتقلی**

- **آنے والے ماہ میں مجھے کیا امید رکھنی چاہیے؟**

آپ اضافی سروسز، سسٹم کے انضمام، یا اکاؤنٹ میں تبدیلیوں سے متعلق ریگولر اَپ ڈیٹس وصول کریں گے۔ یو بی ایل، منتقلیوں کا عمل بغیر کسی رُکاوٹ اور شفاف انداز میں انجام دیے جانے کو یقینی بنائے گا۔

- **اگر منتقلی کے دوران مجھے کسی مسئلے کا سامنا کرنا پڑے تو کیا ہوگا؟**

جب تک منتقلی کا عمل مکمل نہیں ہوجاتا ہے تب تک سلک بینک ہیلپ لائن 777-100-111 معاونت کے لیے موجود رہے گی، یا آپ مزید تفصیلات کے لیے اپنی کسی بھی قریبی یو بی ایل برانچ تشریف لا سکتے ہیں۔

**ریمیٹنسز / ترسیلاتِ زر**

- **سلک بینک اکاؤنٹ میں بھیجی جانے والے والی ریمیٹنس کیا اس منتقلی کے بعد اسی اکاؤنٹ میں جمع ہوگی؟**

جی ہاں، آپ کے سلک بینک اکاؤنٹ میں بھیجی جانے والی کوئی بھی ریمیٹنسز بغیر کسی تبدیلی کے اسی اکاؤنٹ میں جمع ہوتی رہے گی۔ منتقلی کے دوران اور بعد میں بھی آپ بغیر کسی رُکاوٹ کے ریمیٹنس سروسز پر انحصار کر سکتے ہیں۔

- **کیا میں اب سلک بینک برانچز کے بجائے یو بی ایل برانچز سے ریمیٹنسز وصول کر سکتا ہوں؟**

جی ہاں، آپ ملک بھر میں موجود کسی بھی یو بی ایل امین برانچ سے اپنے ریمیٹنس وصول کر سکتے ہیں، آپ کی سہولت کے لیے ایک وسیع نیٹ ورک تک رسائی کو ممکن بنایا گیا ہے۔

- **ریمیٹنسز وصولی سے متعلق فیس یا چارجز میں کوئی تبدیلی ہوگی؟**

نہیں، ریمیٹنسز وصولی سے متعلق فیس یا چارجز میں فی الحال کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ اگر مستقبل میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو آپ کو یو بی ایل کے آفیشل کمیونیکیشن چینلز کے ذریعے مطلع کر دیا جائے گا۔

## کسٹمر سپورٹ اور معاونت

- **انضمام کے حوالے سے میں کس طرح مزید معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟**

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی اپنی کسی بھی قریبی یو بی ایل برانچ پر تشریف لائیں یا ہمارے فون بینکنگ نمائندے سے بات کرنے کے لیے 111-100-777 یا 888-825-111 پر رابطہ کریں۔

- **کیا سلک بینک کے کسٹمر سروس چینلز فعال رہیں گے؟**

سلک بینک کی ہیلپ لائنز اور سپورٹ بتدریج یو بی ایل کے سسٹمز میں ضم کر دی جائے گی۔ منتقلی کے مکمل ہونے تک، سلک بینک ہیلپ لائن 777-100-111 پر معاونت کے لیے دستیاب رہے گی۔

- **اگر مجھے تکنیکی مسائل کا سامنا کرنا پڑے تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟**

جب تک منتقلی کا عمل مکمل نہیں ہو جاتا تب تک آن لائن بینکنگ یا دیگر سروسز کے لیے تکنیکی معاونت کے لیے ہیلپ لائن 777-100-111 دستیاب رہے گی، یا مزید معلومات کے لیے آپ اپنی کسی بھی قریبی یو بی ایل برانچ پر تشریف لے جا سکتے ہیں۔